# نئی کم از
# کم اجرت

## کارکُنان کے لیے
## کلیدی معلومات

قطر کی حکومت نے ایک کم از کم اجرت اختیار کی ہے جس کا اطلاق **مارچ ۲۰۲۱** کو عمل میں لایا جائے گا۔ نئی کم از کم اجرت کو متعارف کرایا گیا ہے تاکہ کارکنان اور اُن کے اپنے وطن میں موجود خاندانوں کے لیے طرزِ زندگی کے معیارات کو بہتر بنایا جاسکے۔ اس سے ملک میں موجود ایک زیادہ بہتر اور پیداواری افرادی قوت کے لیے بھی راہ ہموار ہوگی۔

## نئی کم سے کم اجرت کیا ہے؟

بتاریخ مارچ ۲۰۲۱ سے، آپ کا آجر قانونی طور پر آپ کو کم از کم ۱,۰۰۰ قطری ریال ماہانہ ادا کرنے کا ذِمّے دار ہوگا اورآپ کو معقول رہائش اور کھانا فراہم کرنے کا ذِمّے دار ہوگا۔

تاہم، آپ کا آجر آپ کو زیادہ رقم ادا کرنے کو ترجیح دے سکتا ہے تاکہ آپ خُود اپنے کھانے کا انتظام کرسکیں اور خُود اپنی رہائش کا انتخاب کرسکیں۔

لہذا، کم از کم اجرت کے لیے تین مُختلف نرخ درج ذیل ہیں:

- اگر آپ کا آجر آپ کو معقول کھانا اور رہائش فراہم کرتا ہے (یعنی، آپ کھانے اور رہائش کے لیے ادائیگی نہیں کرتے)، تو آپ کم ازکم ۱,۰۰۰ قطری ریال کی بُنیادی اجرت کے حقدار ہیں۔
- اگرآپ کا آجر آپ کو معقول رہائش فراہم کرتا ہے مگر آپ کو کھانا فراہم نہیں کرتا، تو آپ کم از کم ۳۰۰ قطری ریال کے غذائی الاؤنس کےحقدار ہیں، جو کہ ۱,۰۰۰ قطری ریال کی بُنیادی اجرت کے علاوہ ہے۔ اِس صُورت میں آپ کو کم ازکم ۱,۳۰۰ قطری ریال ماہانہ مِلنے چاہئیں۔
- اگرآپ کا آجر آپ کو رہائش یا کھانا فراہم نہیں کرتا ہے تو آپ کھانے کے لیے کم از کم ۳۰۰ قطری ریال اور رہائش کے لیے کم از کم ۵۰۰ قطری ریال کے حقدارہیں جو کہ کم ازکم قطری ریال کی بُنیادی اجرت کےعِلاوہ ہے۔ اس صورت میں آپ کو کم از کم ۱,۸۰۰ قطری ریال ماہانہ مِلنے چاہئیں۔

## کیا کم ازکم اجرت کا اطلاق قطر میں تمام کارکنان پر ہوتا ہے؟

جی ہاں۔ کم ازکم اجرت کا اطلاق قطر میں تمام کارکنان پر ہوتا ہے اس بات سے قطع نظر کہ وہ کس مُلک سے آئے ہیں، اور کون سی مُلازمت کررہے ہیں۔ اس میں گھروں میں کام کرنے والے مرد اور خواتین شامِل ہیں۔

## کم از کم تنخواہ کا اطلاق کب ہوگا؟

کم سے کم تنخواہ کا اطلاق ہفتہ ۲۰ مارچ ۲۰۲۱ سے ہوگا۔

## کم ازکم رہائشی اور غِذائی معیارات کیا ہیں؟

اگر آپ کا آجر آپ کو رہائش فراہم کررہا ہے تو، اُنہیں ۲۰۱۴ کے وزارتی فیصلہ نمبر ۱۸ میں معیارات کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر وہ آپ کو کھانا فراہم کرتے ہیں تو، آپ کو فی یوم تین مرتبہ کھانے ملنے چاہئیں، جو ثقافتی اعتبار سے مُناسب ہوں، غذائیت بخش ہوں اور وافر کیلوریز فراہم کرتے ہوں۔

## میرے اوورٹائم کا حساب کِس طرح لگایا جائے گا؟

بتاریخ مارچ ۲۰۲۱سے، اوورٹائم کے نرخ کو نئی کم از کم بُنیادی اجرت کی بُنیاد پر ہونا چاہیے۔ یہ آپ کے کانٹریکٹ کی شرائط پر مُنحصر ہوکر زیادہ بھی ہوسکتی ہے۔

لیبر قانون کے آرٹیکل ۷۴ کے مُطابق، اوورٹائم کا نرخ، آپ کے عام گھنٹہ وار نرخ جمع ٪۲۵ ہے۔

تاہم، اگر آپ اپنی تعطیل والے دن کام کرتے ہیں تو آپ کو عام گھنٹہ وار نرخ جمع ٪۵۰ کا اوورٹائم مِلنا چاہیے۔

اگر آپ ایک شفٹ کارکن نہیں ہیں اور آپ ۲۱:۰۰ اور ۰۳:۰۰ کے درمیان کام کرتے ہیں، تو آپ کو عام گھنٹہ وار نرخ جمع ٪۵۰ کا اوورٹائم مِلنا چاہیے۔

## میری مُلازمت کے اِختتام پر گریجویٹی کا حساب کِس طرح لگایا جائے گا؟

اگر آپ کا کانٹریکٹ مارچ ۲۰۲۱ کے بعد ختم ہوتا ہے تو آپ کی مُلازمت کے اختتام پر گریجویٹی کا نئی کم سے کم بُنیادی اجرت کی بُنیاد پر تخمینہ لگانا چاہیے (لیبر قانُون کا آرٹیکل ۷۲).

## میرے موجودہ مُعاہدے کے تحت مَیں نئی کم از کم تنخواہ سے کم تنخواہ وصُول کررہا ہُوں۔ کیا اِس نئے قانُون کا اِطلاق مجھ پر ہوتا ہے؟

جی ہاں، کم ازکم تنخواہ کے نفاذ کے بعد، آپ پر نیا قانُون لاگُو ہوتا ہے، اس بات سے قطع نظر کہ آپ کے موجُودہ مُعاہدے میں کیا رقم بیان کی گئی ہے۔ ۲۰ مارچ ۲۰۲۱ سے آپ کے آجر پر قانونی طور پر یہ ذِمّے داری ہے کہ وہ آپ کوکم ازکم ماہانہ تنخواہ ادا کرے، خواہ آپ کے مُعاہدے میں اس QAR1,۰۰۰ سے کم رقم بیان کی گئی ہو۔

اس قانُون میں آپ اور آپ کے آجر سے یہ بات درکار نہیں کہ ایک نئے مُعاہدے پر دستخط کریں تاکہ آپ کو نئی تنخواہ مِل سکے۔ تاہم، ایک آجر کے لیے یہ ایک اچھا معمول ہے کہ تنخواہ اور شرائط و ضوابط میں نئے قانُون سے لائی گئی کوئی سی بھی تبدیلیوں کو تحریری طور پر بتائے۔

## اگر مَیں پہلے ہی سے نئی کم از کم اجرت سے زیادہ اجرت وصول کررہا ہُوں تو کیا مَیں مُتاثر ہُوں گا؟

ضروری نہیں۔ اگر آپ کی بُنیادی اجرت، کھانا اور رہائش قانونی طور پر درکار سطح سے پہلے ہی اوپر ہیں تو آپ کے آجر کے لیے لازم نہیں کہ وہ آپ کی اجرت میں اضافہ کرے۔ آپ زیادہ تنخواہ یا مزید مراعات کے لیے مذاکرات کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں مگر اس کے لیے آپ کے آجر کی رضامندی ضروری ہوگی۔

## کیا میرا آجر میری اجرت کو نئی کم ازکم اجرت تک کم کرسکتا ہے؟

اگر آپ کا آجر آپ کی اجرت کو نئی کم ازکم اجرت کی سطح تک کم کرنے کی کوشش کرتا ہے، تو یہ مُعاہدے کی خلاف ورزی ہوگی اور آپ ایک شکایت دائر کرسکتے ہیں۔

نئے وزارتی فرمان کا آرٹیکل ۷ یہ بیان کرتا ہے کہ آپ کا آجر نئی قانون سازی کو ایک وضاحت کے طور پر استعمال نہیں کرسکتا کہ آپ کی تنخواہ کو کم کردے اور آپ کو ایسی شرائط پیش کردے جو آپ کے موجودہ مُعاہدے میں دی گئی شرائط سے کم پسندیدہ ہوں۔

## مجھے کیا کرنا چاہیے اگر مجھے مارچ ۲۰۲۱ کے بعد کم از کم اجرت سے بھی کم اجرت موصول ہو؟

آپ کو یہ معاملہ اپنے آجر، اور/یا وزارتِ انتظامی ترقی، افرادی قوت اور معاشی امور کو اِطّلاع دیں۔ آپ لیبر ریلیشنز ڈپارٹمنٹ پر بذاتِ خُود، ہاٹ لائن(۱۶۰۰۸) پر یا بذریعہ ای میل (info@adlsa.gov.qa) ایک شکایت جمع کرا سکتے ہیں۔